دینی جماعتوں اور علمی مراکز سے اپیل

پاکستان شریعت کونسل کے امیر حضرت مولانا فداء الرحمٰن درخواستی نے علماء کرام اور دینی کارکنوں پر زور دیا ہے کہ افغانستان پر اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی طرف سے لگائی جانے والی پابندیوں کے خلاف رائے عامہ کو بیدار کرنے کے لیے منظم محنت کریں اور خطبات جمعۃ المبارک' دروس اور اخباری بیانات کے ذریعہ عوام کو بتائیں کہ ان پابندیوں کا مقصد افغانستان میں اسلامی حکومت کو ناکام بنانا اور پاکستان میں اسلامی نظام کے نفاذ کا راستہ روکنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ مکمل طور پر امریکہ کے ہاتھ میں کھلونا بن کر رہ گئی ہے اور عالم اسلام کے خلاف امریکی مفادات کے لیے کام کر رہی ہے جس کا مقصد پورے عالم اسلام پر مغربی ثقافت اور کلچر کو مسلط کرنا ہے لیکن قرآن پاک اور سنت رسول اللہ ﷺ پر ایمان رکھنے والے مسلمان اس سازش کو کبھی کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ دینی جماعتوں' علمی مراکز اور اسلامی تحریکات کو اس نازک اور سنگین صورت حال کا پوری طرح ادراک کرتے ہوئے نوجوان علماء اور کارکنوں کو اس جدوجہد کے لیے فکری اور شعوری طور پر تیار کرنا چاہیے اور ان کی علمی اور فکری تربیت کا اہتمام کرنا چاہیے۔

مولانا درخواستی نے بتایا کہ اس سلسلہ میں فروری کے وسط میں پاکستان شریعت کونسل کے زیر اہتمام لاہور میں ایک سیمینار منعقد کیا جا رہا ہے جس میں مختلف مکاتب فکر کے زعماء خطاب کریں گے اور اس موقع پر پاکستان شریعت کونسل کی مرکزی مجلس عاملہ کا اجلاس بھی ہوگا جس میں دینی جماعتوں اور علمی مراکز کے ساتھ رابطہ اور رائے عامہ کو بیدار و منظم کرنے کا پروگرام طے کیا جائے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ

الشریعۃ اکادمی کنگنی والا گوجرانوالہ میں عیدالاضحیٰ کی تعطیلات کے بعد

دینی مدارس کے اساتذہ وطلبہ نیز شہر کے ائمہ وخطباء کے لیے عصر تا مغرب

انگریزی زبان کا ششماہی کورس

شروع کیا جا رہا ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ

کورس میں شرکت کے خواہش مند حضرات عیدالاضحیٰ سے قبل رابطہ قائم کریں۔

محمد عمار ناصر۔ مرکزی جامع مسجد (شیرانوالہ باغ) گوجرانوالہ۔ فون : 0431-219663